www.wilayattimes.com

ہفت روزہ

WILAYAT TIMES

ولایت ٹائمز سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:2☆شمارہ نمبر:29☆تاریخ:21 مارچ تا27 مارچ 2016ء بطابق 11 جمادی الاولیٰ تا17 جمادی الاخرہ 1437ھ☆صفحات:8☆قیمت:5روپے

جشن نوروز

کل یوم لا یعصی اللہ فھو عید: امام علی علیہ السلام

آج کا دور انتہائی ترقی پذیر دور ہے ذرائع ابلاغ و ترسیل کی فراوانی ہے اخبارات اور کتابوں کی بھی فروانی ہیں مطالعہ کیلئے کسی بھی قسم کی کوئی کمی نہیں ہے لہٰذا کسی بھی صورت میں مطالعہ کو ترک نہیں کرنا چاہیے۔کوئی مذہبی ،سماجی ،سیاسی نیز اقتصادی بات کو سُننے کے بعد اس پر مزید تحقیق کرنا چاہئے۔معاشرے کی تعمیر و ترقی اور معاشرے کا سدھار علم وادب میں ہی ہے۔چونکہ میری لاعلمی اور بہت ہی قلیل مطالعہ کی وجہ سے میرے تحریر میں بہت سی خامیاں ہوں گے۔کیونکہ لاعلمی کی وجہ سے دُنیا بھر کی تعلیمی ،تہذیبی ،سیاسی ،مذہبی اور اقتصادی احوال سے ناواقف ہوں۔لیکن اس کے باوجود جشن نوروز کے حوالے سے کچھ نکات قارئین کی خدمت میں تحریر کرنا چاہتا ہوں۔

نوروز فارسی کے دو مشترکہ الفاظ ہیں"نو" اور "روز"۔نو کے معنیٰ نیا اور روز کا معنیٰ دن ہے۔جشن نوروز کی ابتدا کب ہوئی اگرچہ اس بارے میں کوئی دقیق اور متفق نظر اچھی طرح دستیاب نہیں ہے تاہم کچھ مورخین رقمطراز ہیں کہ ھخامنشیوں کے دور سے جشن نوروز کی ابتدا ہوئی اس کی بنیاد نامور بادشاہ جمشید نے ڈالی سرکاری طور پر سلطنت کی بنیاد رکھی تو اس دن کو نیا دن قرار دیا۔لیکن کچھ مورخین لکھتے ہیں کہ جشن نوروز اشکانی دور میں منایا جاتا تھا کیونکہ ولاش اول کو بیشتر ایرانی رسوم کا بانی سمجھا جاتا ہے دونوں روایتوں میں زیادہ اور پختہ شواہد موجود نہیں ہے اور کچھ مورخین نے ساسانی دور حکومت میں جشنِ نوروز کی ابتدا کی سفارش کی ہے ان کے پاس واضح شواہد بھی موجود ہے۔اس بارے میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔

بہر حال نوروز ایک قدیم پارسی تہوار ہے جو زمانہ قدیم سے منایا جارہا ہے اگرچہ اس کا آغاز آج سے ہزاروں برس قبل ہوا لیکن آج بھی ایران کے علاوہ پاکستان ،ہندوستان ،افغانستان اور دیگر کئی ممالک میں جشن نوروز نہایت جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا ہے۔چونکہ ۲۱ مارچ کے بعد موسم بہار کی آمد ہوتی ہے موسم بہار ایک قدرتی جوش ہے جو اپنے وقت پر ہر دل میں زوق وشوق پیدا کرتا ہے ۔اور ایرانی قوم اس دن نئے ھجری شمسی سال اور بہار کی آمد کی خوشی مناتے ہیں۔ان کا ماننا تھا کہ سورج زمین کے گرد اس دن اپنا چکر مکمل کرلیتا ہے اس طرح ھجری شمسی سال مکمل ہوتا جاتا ہے یہ قدیم ایرانیوں کا سوچ تھا چونکہ جدید سائنس اس بات کو رد کرتا ہے۔بہر حال ایرانی عوام کو یہ جشن ورثہ میں ملا اور انہوں نے ان رسومات کو جاری رکھا اور ثقافتی عقیدت و احترام کے ساتھ جشن نوروز مناتے رہے۔اور یہ تہوار بین الاقوامی شہرت اختیار کرگیا یہاں تک کہ ۲۰۱۰ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے نوروز کو عالمی تہوار قرار دیا۔نوروز چونکہ ثقافتی اور تمدنی تہذیب کی علامت ہیں۔سابق صدر ایران محمد احمدی نژاد کے بقول نوروز نہ صرف ثقافتی ترقی کی علامت ہے بلکہ یہ قوموں کے درمیان دوستانہ تعلقات کے فروغ امن اور ایک دوسرے کو عزت دینے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

نوروز اگرچہ ایک قدیم پارسی تہوار ہے اور پارس میں قبل از اسلام بھی منایا جاتا تھا ،تاہم نوروز کچھ حد تک مذہبی انداز بھی

اختیار کرگیا۔اگرچہ اکثر فقہا نوروز کو مذہبی رنگت دینے پر مذمت کرتے ہیں لیکن اکثر عوام بھی یہ ماننے سے صاف انکار کرتے ہیں اور معلیٰ بن خنیس کی روایت کا سہارا لیتے ہیں۔اس روایت کے بارے میں رہبر معظم سید علی خامنہ ای نے ۱۳ مارچ ۱۹۹۵ء کو شہید انقلاب اسلامی ادارے کے عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

"کہ معلیٰ بن خنیس امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اتفاق سے وہ دن نوروز تھا ،حضرت نے ان سے پوچھا کیا تم نوروز سے آگاہ ہو۔بعض افراد خیال کرتے ہیں کہ اس روایت میں حضرت نے تاریخ بیان فرمائی ہے کہ حضرت نوحؑ کا واقعہ پیش آیا ،مولائے کائنات کی خلافت کا واقعہ پیش آیا وغیرہ۔لیکن اس روایت سے میں (رہبر معظم) کسی اور نتیجے پر پہونچتا ہوں میرا (رہبر معظم) خیال ہے کہ حضرت نے نوروز کی تاریخ نہیں اس دن کی ماہیت بیان فرمائی ہے اور سمجھایا ہے کہ نیا دن نوروز کسے کہتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کے ذریعے تمام دن مساوی ہیں اب ان دنوں میں کونسا دن نوروز بنے؟ ظاہر ہے اس کے لئے کچھ الگ خصوصیات کا ہونا ضروری ہے ،یا تو یہ خصوصیات ہو کہ اس دن کوئی اہم کو واقعہ رونما ہوا ہو یا پھر یہ خصوصیت ہو کہ اس دن آپ کوئی اہم کام انجام دے سکتے ہوں۔حضرت مثال دیتے ہیں کہ جس دن حضرت آدمؑ اور حوا نے زمین پر قدم رکھے وہ نوروز تھا یہ بنی آدم اور نوع بشر کے لئے ایک نیا دن تھا۔جس دن حضرت نوحؑ نے عظیم طوفان کے بعد اپنی کشتی کو ساحل نجات پر پہنچایا وہ نوروز تھا اور ایک نیا دن تھا اس دن سے نئی تاریخ شروع ہوئی۔اسی طرح جس دن پیغمبر اکرمؐ پر قرآن نازل ہوا وہ عالم بشریت کے لئے ایک نیا دن تھا۔یہ حقیقت ہے جس دن مولائے متقیان حضرت علیؑ کو مسلمانوں کا ولی بنایا گیا وہ نیا دن تھا یہ سب کے سب نوروز اور نئے دن ہیں۔اب خواہ یہ واقعات ھجری شمسی سال کے پہلے دن واقع ہو یا کسی اور دن۔ان واقعات کو رونما ہونے کا دن نوروز یعنی نیا دن ہے حضرت نے یہ نہیں کہا یہ سارے واقعات ھجری شمسی سال کے پہلے دن رونما ہوئے بلکہ یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ جس دن ایسا کوئی واقعہ رونما ہو وہ نوروز اور نیا دن ہے۔اب میں (رہبر معظم) عرض کرنا چاہوں گا کہ جس دن اسلامی انقلاب کامیاب ہوا وہ نوروز ہے۔جس دن امام خمینیؒ وطن واپس آئے وہ ہمارے لئے نوروز تھا"۔

اسی طرح امام خمینیؒ نوروز کے ایک پیغام میں فرماتے ہیں" این عید ہر چند یک اسلامی نیست ،ولی اسلام آن را نفی نکردہ است"(روزنامہ اطلاعات ۴۷۔۱۲۔۲۷)

آیت اللہ شہروردی بھی نوروز کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:۔"اسلامی عیدیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ ہیں عید نوروز کو اسلامی عید جانتے ہوئے منانا صحیح نہیں لیکن اس روز خوشی منانے میں کوئی حرج نہیں"(۱۵۹۵۰)

بہر حال عید وہ دن ہوتی ہے جس دن ہم خداوند متعال سے غافل نہ ہوں۔اہلبیتؑ کی سیرت سے غافل نہ ہو اگر ہم خدانخواستہ خداوند متعال اور اہلبیتؑ سے ایک غافل ہوں گے تو وہ دن روزِ عید نہیں غم کا روز ہے اگرچہ اس دن عید الفطر ،عید الغدیر یا عید الاضحیٰ ہی کیوں نہ ہو۔مولائے کائنات حضرت علی ابن ابی الطالبؑ فرماتے ہیں:۔

"کل یوم لا یعضی اللہ فیہ فھو عید" یعنی وہ دن جس دن اللہ کی معصیت نہ کی جائے عید کا دن ہے (نہج البلاغہ فیض الاسلام صفحہ ۱۲۸۶)

لہٰذا اگر ہم ۲۱ مارچ نوروز کو خداوند متعال کی بارگاہ میں نیک اعمال بجالائیں گے ،فقیروں ،غریبوں ،مسکینوں اور یتیموں کی مدد کریں گے ،معاشرہ میں پھیلی بُرائیوں کا خاتمہ کریں گے ،شجر کاری میں حصہ لیں گے ،اور ظاہری صفائی کے ساتھ ساتھ باطنی صفائی کریں گے تو یقیناً یہ ہمارے لئے عید کا دن ہوگا۔اس دن اپنے باطنی گھر (دل) کو بھی (ظاہری گھر کی صفائی ،کپڑوں ،سڑکوں اور گلی کوچوں کی صفائی کی طرح) ہر قسم کی نجاسات پلیدگی سے دور رکھے تاکہ یہ معرفت الٰہی کا سرچشمہ محبت اہلبیتؑ کا خزینہ اور اعمال صالحہ کی آماجگاہ بن جائے۔

اس کے برکس اگر ہم نے اس دن رسم ورواج کا خاتمہ نہ کیا ،معاشرے میں بُرائیوں کا سدباب کرنے کے لئے کوئی موثر قدم نہ اٹھایا۔اعمال صالحات انجام نہ دئے اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے غافل رہے تو یہ دن ہمارے لئے زحمت بن جائے گا۔نوروز گرچہ فقہاء کے مطابق اسلامی عیدوں میں شمار نہیں کی جاتی تاہم اس دن خوشی منانے کی نفی بھی نہیں کی گئی ہے ،لیکن یہ خوشی اسلامی اصولوں کے تحت ہونی چاہئے۔

تحریر: مجتبیٰ علی ابن شجاعی
گنڈحسی بٹ ،سرینگر کشمیر
ولایت ٹائمز ڈاٹ کام

"اگر ہم نے نوروز کے دن رسم ورواج کا خاتمہ نہ کیا ،معاشرے میں بُرائیوں کا سدباب کرنے کے لئے کوئی موثر قدم نہ اٹھایا۔اعمال صالحات انجام نہ دئے اور اللہ تبارک و تعالیٰ سے غافل رہے تو یہ دن ہمارے لئے زحمت بن جائے گا۔نوروز گرچہ فقہاء کے مطابق اسلامی عیدوں میں شمار نہیں کی جاتی تاہم اس دن خوشی منانے کی نفی بھی نہیں کی گئی ہے ،لیکن یہ خوشی اسلامی اصولوں کے تحت ہونی چاہئے۔"

نوروز کے سلسلے میں کچھ لوگ افراطی اور کچھ تفریطی ہیں؟

استاد احمد اسدی کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام کی وصیت کے تناظر میں مکالمہ

عالمی نیوز نور ڈاٹ کام کی خصوصی پیشکش

حوزہ علمیہ قم کے خبر رساں ادارے "حوزہ" نے ممتاز عالم دین حجت الاسلام والمسلمین میرزا احمد اسدی کے ساتھ ایک گفتگو میں نوروز کے بارے میں کچھ سوالات کئے اور موصوف نے دعائے تحویل سال کے کچھ اقتباسات کی تشریح کرتے ہوئے کہا: جیسا کہ آپ جانتے ہیں اس سال کا نوروز گذشتہ سال کی طرح گلستان نبوت کے نورستہ پھول کے ایام سوگواری کے ساتھ آیا ہے آپ اس تقارن کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

گفتگو کے آغاز میں ایام فاطمیہ کی آمد کے موقعے پر امام زمانہ (عج) ان کے نائب برحق حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای اور ان کے سچے شیعوں کی خدمت میں تعزیت عرض کرتا ہوں۔

نوروز کے پہلے اور دوسرے ایام فاطمیہ کے ساتھ تقارن کو ہم نیک شگون قرار دیتے ہیں کہ روایات کی تعبیر کے مطابق، یہ تقارن اور ہم آہنگی خدا کی ایک رحمت خاصہ ہے «**إنّ للّٰه في أيام دهر كم نفحات ألا فتعرّضوا لها**؛ خداوند متعال کی طرف سے تمہارے زمانے میں کچھ رحمتوں کے مواقع ہیں کوشش کیجیے کہ اپنے آپ کو اس رحمت الہی میں شامل کیجیے(۱)

تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد خدا کی یہ نسیم رحمت ہم پر چلتی ہے۔ کبھی زمان و مکان کے حالات موقع فراہم کرتے ہیں کہ انسان حق کی جانب ایک قدم بڑھ جائے۔ یہ رحمت کی ہوائیں بہت غنیمت ہیں اور توفیقات کا سبب بنتی ہیں کہ انسان سیر الی اللہ کی جانب ایک قدم یا ایک منزل آگے بڑھ جائے اور اونچے مراتب تک پہونچے۔

یہ تقارن ممکن ہے اسی نوعیت کا ہو۔ یہی کہ ان ایام میں فاطمہ زہرا اس کا تذکرہ ہے یہ خود توفیق کا ایک باب ہے ہم جس قدر بھی اس باب کے نزدیک ہونگے اتنا ہی ہم باب معرفت کے نزدیک ہوں گے، اور جس قدر اس سے دور ہوں گے اتنا ہی ہم سعادت و معرفت سے محروم ہو جائیں گے۔

یہ جو کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے حق میں فرمایا ہے: «**أنا مدينةُ العلم و عليٌّ بابُها فمَن أرادَ العلم فليأتِ من الباب**» (۲) یہ صرف حضرت سے مخصوص نہیں ہے بلکہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور دوسرے آئمہ اطہار علیہم السلام بھی اسی طرح کے ہیں۔

آیا اس تقارن اور ایک ساتھ آنے کو ایک فرصت کہا جا سکتا ہے؟

ہاں سو فیصد مبادا کچھ لوگ ان ایام میں لہو و لعب اور غفلت میں بسر کریں جو ان کے لیے نقصان کا باعث ہوگا۔

حافظ کا ایک شعر ہے کہ جو ان ایام میں ہم سب کے لیے زبان حال ہے اور ہمیں فاطمیہ کو غنیمت سمجھنا چاہیے؛ حافظا از دست مدہ دولت این کشتی نوح۔ ورنہ طوفان حوادث ببرد بنیادت۔ حافظ اس کشتی نوح کی دولت کو ہاتھ سے مت جانے دو ورنہ حوادث کا طوفان تمہیں جڑ سے اکھاڑ دے گا۔

بہت ساری باتیں یا حدیثیں نوروز کی تائید یا اس کی رد کے سلسلے میں آئمہ معصومین علیہم السلام کی طرف سے پیش کی گئی ہیں۔ کیا اس سلسلے میں کوئی روایت پائی جاتی ہے؟

کسی بھی معصوم نے اس موضوع کو رد نہیں کیا ہے۔ اور مرحوم شیخ عباس قمی نے عید نوروز کے اعمال اور وظائف کے سلسلے میں ایک باب مخصوص کیا ہے جس میں آیا ہے: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے معلی بن خنیس کو کہ جو ان کے خاص اصحاب میں سے تھے اور باب فقہ میں ان سے متعدد روایات نقل ہوئی ہیں، تعلیم دی کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرو اپنے سب سے پاکیزہ کپڑے پہنو اپنے آپ کو بہترین خوشبو سے معطر کرو اور اس دن روزہ رکھو اور جب نماز ظہر و عصر اور اس کے نوافل سے فارغ ہو جاؤ تو اس ترتیب کے ساتھ چار رکعت نماز پڑھو کہ پہلی رکعت میں حمد کے بعد دس مرتبہ انا انزلناہ پڑھو اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد دس مرتبہ **قل يا أيّها الكافرون**، تیسری رکعت میں حمد کے بعد دس مرتبہ **قل هو الله أحد** اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد دس مرتبہ **قل أعوذ بربّ الفلق** اور **قل أعوذ بربّ النّاس** پڑھے اور نماز کے بعد سجدہ شکر میں جائے اور یہ دعا پڑھے: «**اللّهمّ صلّ على محمّدٍ و آلِ محمّدٍ الأوصياء المرضيّين و على جميع أنبيائك و رسلك بأفضل صلواتك و بارك عليهم بأفضل بركاتك و صلّ على أرواحهم و أجسادهم اللّهمّ بارك على محمّدٍ و آل محمّدٍ و بارك لنا في يومنا هذا الّذي فضّلته و كرّمته و شرّفته و عظّمت خطره اللّهمّ بارك لي فيما أنعمت به عليّ حتّى لا أشكر أحداً غيرك و وسّع عليّ في رزقي يا ذا الجلال و الإكرام اللّهمّ ما غاب عنّي فلا يغيبنّ عنّي عونك و حفظك و ما فقدت من شيءٍ فلا تفقدني عونك عليه حتّى لا أتكلّف ما لا أحتاج إليه يا ذا الجلال و الإكرام.**

پس نوروز کی آئمہ معصومین نے تائید کی ہے؟

جی ہاں! تائید کی ہے اور اس کا بہت اہتمام کیا کرتے تھے۔

تحویل سال کی مشہور دعا کیا ہے؟ کیا وہ بھی مستند ہے؟

غیر مشہور کتابوں میں آیا ہے کہ تحویل سال کے وقت یہ دعا بہت زیادہ پڑھے: «**يا محوّل الحول و الأحوال حوّل حالنا إلى أحسن الحال**» اور ایک اور روایت میں ہے، **يا مقلّب القلوب و الأبصار يا مدبّر اللّيل و النّهار يا محوّل** «؛ بعض اقوال میں آیا ہے کہ اس دعا کو ۳۶۶ مرتبہ پڑھے۔ اس دعا کے باب میں بعض نے کہا ہے: جب ایسا کرو گے تو تمہارے ۵۰ سال کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور اس روز بہت زیادہ پڑھو: "**يا ذا الجلال و الإكرام**".

جو کچھ آپ نے پڑھا یہ "زاد المعاد" میں مرحوم مجلسی کی عبارت ہے۔ اس روز کے عظیم ہونے میں اتنا ہی کافی ہے کہ دعاؤں کی کتابوں میں اس کا ذکر ہے اور نوروز کی عظمت اور اس کے افتخار میں یہی کافی ہے کہ نوروز کے آداب و اعمال کو مرحوم مجلسی نے اپنے قلم مبارک سے لکھا ہے۔

آیا فقہی اعتبار سے تحویل سال کی دعا کو ثابت کیا جا سکتا ہے؟

فقہ و اصول میں ایک باب ہے جس کا عنوان ہے تسامح در ادلہ سنن فقہاء بہت پہلے سے اس سے سروکار رکھتے رہے ہیں اور ان کی سند بھی مشہور روایات ہیں؛ «**من بلغه عن النّبيّ ص شيءٌ فيه الثّواب ففعل ذلك طلب قول النّبيّ ص كان له ذلك الثّواب و إن كان النّبيّ ص لم يقله**» (۳)

روایات سے مراد یہ ہے کہ روایات میں کچھ آداب اور ہدایات ایسے ہیں کہ جو واجبات میں شمار نہیں ہوتے اگر تم تک کوئی ایسی روایت پہونچے جو کسی سنت کی پابندی کا دستور دے تو اس کو انجام دو چاہے پیغمبر اور اہل بیت علیہم السلام نے نہ کہا ہو۔

اگر کسی فرد سے کہیں کہ فلاں نیک عمل خداوند متعال کے نزدیک فضیلت اور ثواب رکھتا ہے اور وہ بھی اس کو اس فضیلت کے حصول کی خاطر انجام دے تو ذات اقدس الہی وہ ثواب اس کو دے گی چاہے حقیقت میں وہ امر ایسا نہ ہو۔

اس بنا پر اس روایت اور فقہاء کے اقوال کے اعتبار سے جو دعائیں تحویل سال کے وقت پڑھی جاتی ہیں چاہے وہ معتبر سند بھی رکھتی ہوں تب بھی وہ تائید شدہ ہیں۔ خود معصومین علیہم السلام نے بھی فرمایا ہے کہ ان مسائل میں سند کے پیچھے نہ جائیں اور اگر سند ضعیف بھی ہو تب آپ عمل کریں آپ کو ثواب دیا جائے گا۔

کیا قدیم علماء اس نوروز اور اس کے اعمال پر اعتقاد رکھتے تھے؟

مرحوم آقا میرزا ابوالفضل زاہدی قمی حوزویوں اور افاضل کے نزدیک مشہور ہیں اور امام راحل اور دوسرے مراجع بھی ان کو کافی اہمیت دیتے تھے۔ مرحوم آقائے زاہدی پابندی کے ساتھ تحویل سال کے موقعے پر سال کے دنوں کے عدد کے برابر اس دعا کو پڑھا کرتے تھے۔

بعض نے روایت کی ہے کہ دعائے یا مقلب القلوب کے علاوہ اس دعا کو بھی نوروز کے دن سال کے دنوں کے برابر پڑھیں ؛ «**اللّهمّ هذه سنةٌ جديدةٌ و أنت ملكٌ قديمٌ أسألك خيرها و خير ما فيها و أعوذ بك من شرّها و شرّ ما فيها و أستكفي مؤونتها و شغلها يا ذا الجلال و الإكرام**» (۴)

ہم کس طرح سے اپنی عید کو اہل بیت والی عید بنا سکتے ہیں؟

دعائیں جن کو ہم نے ذکر کیا ہے ان کے ذریعے عید نوروز اور خاندان عترت کے درمیان رابطہ برقرار کیا جا سکتا ہے اس طرح عید نوروز مقدس اور مبارک ہو جائے گی جیسا کہ ذکر ہوا ہے: "بارک لنا فی یومنا"؛ ہمارے لیے مبارک بنا دے "الذی فضلتہ"۔ اس دن کو جسے تو نے فضیلت دی ہے "کرمتہ" بزرگی دی ہے "شرفتہ" شرافت دی ہے۔

ہماری سوچ عید نوروز کے بارے میں کیسی ہونی چاہیے؟

نوروز کے سلسلے میں کچھ لوگ افراطی اور کچھ تفریطی ہیں جو دونوں غلط ہیں بعض نوروز کے خلاف ہیں اور بعض اس رسم کو آسمانی ثابت کرنا چاہتے ہیں اور یہ دونوں کجروی کا شکار ہیں۔ لوگوں کے درمیان غلط رسمیں بہت زیادہ ہیں لیکن صحیح اور منطقی رسمیں بھی ہیں ہمیں چاہیے کہ مثبت پہلوؤں کو اجاگر کریں اور ان کی تشویق کریں جب کہ ان کے مقابلے میں منفی پہلوؤں کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کریں۔

انہی دعاؤں سے کہ جنہیں مرحوم مجلسی نے نوروز کے باب میں نقل کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس دن کو احترام کی نگاہ سے دیکھیں لیکن ہمیں یاد رہے کہ ہم مسلمان اور آئمہ ع کے معتقد ہیں۔ پس جس طرح مسائل پر ہماری نگاہ ایمانی ہے اسی طرح نوروز کو بھی ہمیں ایمان کی نظر سے دیکھنا چاہیے۔

احسن الحال کا کیا مطلب ہے؟

اس دعا میں بہت سارے درس پائے جاتے ہیں۔ تحویل سال کی دعا کے ایک اقتباس میں لکھا ہے: «**يا محوّل الحول و الأحوال حوّل حالنا إلى أحسن الحال**»، «ہم اپنے خدا سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ ہمیں بہترین حال کی جانب پلٹا دے۔

یہ بہترین حالت کیسی حالت ہے؟

یہی حالت ہے کہ جس کے بارے میں امیر المومنین ع فرماتے ہیں: جس دن بھی آپ گناہ نہ کریں وہ آپ کے لیے عید ہے۔ پس آپ کے تحول احسن الحال وہ حالت ہے کہ جو گناہ نہ کرنے کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے۔

فقہاء کی نظر میں سب سے اچھی حالت کیسی حالت ہے؟

اگر کسی فقیہ سے پوچھیں کہ تحول الحال کیا ہے؟ تو وہ اپنی فقاہت کے تقاضے کے مطابق کہے گا انسان کے لیے سب سے اچھی حالت یہ ہے کہ اس کے تمام افعال شریعت کے دستور کے مطابق ہوں اس لیے کہ فقہ کا مطلب یہ ہے کہ بندے کا ہر فعل و عمل حکم کے تحت ہو۔

فقیہ کہتا ہے: اس دنیا میں جب آپ مکلف ہوتے ہیں تو جو حرکت اور کام بھی آپ کریں، چھوٹا ہو یا بڑا، انفرادی ہو یا اجتماعی ظاہری ہو یا باطنی یہ سب حکم کے تحت ہیں لہذا ایک فقیہ کی نظر میں احسن الحال یعنی انسان اس مرتبے تک پہونچ جائے کہ اس کے تمام اعمال حکم الہی کے مطابق ہوں۔

علمائے کلام احسن الحال کے کیا معنی کرتے ہیں؟

ان افراد کی نظر میں احسن الحال، علم کلام کے مطابق ہے علم کلام مبداء معاد اور صحیح اعتقادات سے متعلق علم ہے۔

لہذا متکلم کی نظر میں احسن الحال یہ ہے کہ ہم اپنے اعتقادات کو کامل کریں اور تقلید کے بغیر ہم نے ان اعتقادات کو سیکھا ہو۔

ایک فلسفی کے نزدیک احسن الحال کا کیا مطلب ہے؟

فلاسفہ اس بارے میں کہیں گے، ہم انسان کو تمام حیوانات، نباتات اور جمادات سے ممتاز سمجھتے ہیں اور تمام موجودات میں انسان کا امتیاز یہ ہے کہ علمی اور عملی طاقت میں وہ سب سے آگے ہو۔

اس فکر کی وجہ یہ ہے کہ یہ انسان کو عملی اور نظری دو طاقتوں میں تمام موجودات سے ممتاز سمجھتا ہے دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ انسان کامل وہ ہے کہ جو حکمت عملی اور نظری میں کمال تک پہونچا ہو۔

اہل معرفت کی نظر میں احسن الحال کیا ہے؟

اگر کسی عارف سے کہیں کہ احسن الحال کا ؛ «**يا محوّل الحول و الأحوال حوّل حالنا إلى أحسن الحال**»، آپ کے نزدیک کیا مطلب ہے؟ وہ کہے گا: احسن الحال کا مطلب خدائی ہونا ہے یعنی انسان کا تمام وجود خدائی ہو اس کا ظاہر و باطن اور اس کا کردار اور اس کی گفتار خدائی ہو۔

حالت کی تبدیلی کے لیے خداوند سے فریاد کیا صرف تحویل سال کی دعاؤں میں ہے؟

نہیں؛ ماہ مبارک رمضان کی دعاؤں میں کہ جو ہر روز پڑھی جاتی ہیں بھی احسن الحال کی تعبیر موجود ہے: «اللھم غیر سوء حالنا بحسن حالک: خدایا ہماری بدحالی کو اپنی اچھی حالت میں بدل دے۔

پہلے تو یہ بات معلوم ہو جائے کہ خدا بھی خوشحال ہو سکتا ہے۔ یہ "ب" اگر قسم کے لیے ہو تو اس کا ایک مطلب ہے اگر سببیت کے لیے ہو تو دوسرا مطلب ہے اور اگر تشبیہ کے لیے ہو تو الگ مطلب ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہ "ب" الی کے معنی میں ہو جس کا مطلب یہ ہے کہ تیرے حسن حال کے نزدیک ہو جائیں۔ استاد آیت اللہ حسن زادہ آملی اشارات کی شرح میں، بہجت اور سعادت کے نمط میں جو اشارات شیخ کے غنی اور دل نشین مطلوں میں سے ہے فرماتے تھے: یہ جو "غیر سوء حالنا بحسن حالک" ہے یہ اسی وجہ سے ہے اور ابن سینا وہاں پر کہتے ہیں خداوند تبارک و تعالیٰ "اجل مبتھج" ہے (۵)

آپ نے احسن الحال کو مختلف اصناف کے نقطہ نظر سے بیان کیا حسن اختتام کے طور پر احسن الحال کے بارے میں اپنا نظریہ بھی بتا دیں۔

حضرت حق بہجت، سرور اور خوشحالی میں سب سے بڑھ کر ہے البتہ حق کا حال ہمارے حال سے الگ ہے۔ ہمارے حال کا حساب الگ ہے اور حال حق تعالیٰ کی تفسیر جدا گانہ ہے دعاؤں کے بہت سارے اسرار اور معارف کہ جنکے بارے میں کچھ نہیں کہا گیا ہے اور لازم ہے کہ ان پر توجہ دی جائے۔

حول حالنا عجیب عبارت ہے یہ تحول ہمارے دینی فرہنگ میں بہت اہمیت کا حامل ہے، خلقت کی بنیاد تحرک کے ساتھ ہے اور خلیفۃ اللہ ہونا احسن الحال کی دوسری تعبیر ہے جس کا مطلب تغییر اور تحول ہے۔

دوسرے لفظوں میں احسن الحال کا مطلب ہے کہ انسان اسماء اور صفات میں حضرت حق کا مظہر ہو اگر آئمہ علیہم السلام خدا نمائی کی چوٹی کی بلندی پر ہیں تو ان کے شیعوں کو بھی تا حد ممکن ان کے مشابہ ہونا چاہیے۔

(۱)۔ بحار الانوار (ط۔ بیروت) جلد ۷۱ صفحہ ۱۲۲

(۲)۔ اعلام الوری باعلام الهدی صفحہ ۱۵۹

(۳)۔ المحاسن، جلد ۱ صفحہ ۲۵

(۴)۔ زاد المعاد؛ صفحہ ۳۲۸

(۵)۔ الاشارات والتنبیهات، صفحہ ۱۴۱

قارئین اپنے مراسلے و مضامین "ولایت ٹائمز" کے ای میل editorwilayattimes@gmail.com پر ارسال کریں، مقالہ نگار کی آرا، کیساتھ ادارہ کا متفق ہونا لازمی نہیں

شراب اور منشیات مخالف تحریک کو منطقی انجام تک پہنچانا ہم سب کا دینی فریضہ: مولانا غلام رسول حامی

سرینگر/کاروانِ اسلامی جموں وکشمیر نے جس حساس مسئلے کی اور قوم توجہ مبذول کرائی تھی کہ منشیات، شراب اور نشہ آور چیزوں کا استعمال عروج پکڑتا جا رہا ہے اور اگر اس کا سدِ باب نہیں کیا گیا تو حالات انتہائی سنگین رُخ اختیار کر سکتے ہیں اور یہی وجہ تھی کہ شراب منشیات مخالف پروگرام کو ہنگامی بنیادوں پر چلایا گیا اگرچہ چند لوگوں نے اس وقت اپنے خدشات ظاہر کئے تھے تاہم **United Nation** کی تازہ سروے رپورٹ نے ہمارے خدشات کو صحیح ثابت کردیا کیوں کہ رپورٹ کے مطابق **70%** آبادی جنکا تعلق **18** سے **35** سال کی عمر کے بیچ میں ہے منشیات کا آزادانہ استعمال ریاست میں کر رہی ہے اس رپورٹ کے مطابق **22%** خواتین بھی مختلف نشہ آور چیزوں کا استعمال کر رہی ہیں۔ اس بات کا خلاصہ کاروانِ اسلامی کے امیر مولانا غلام رسول حامی نے جامع مسجد شریف درگٹیونگ پرنگ کنگن گاندربل میں نماز جمعہ سے قبل ایک بھاری عوامی اجتماع سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جو تحریک منشیات کے خلاف شروع کی گئی ہے اس کو منطقی انجام تک پہنچانا ہمارا مذہبی فریضہ ہے چاہے اس میں کتنی بھی رکاوٹیں آئیں۔ انہوں نے کہا کاروانِ اسلامی جموں وکشمیر کا ہر فرد اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے گا اور ایک ایسے معاشرے کی داغ بیل ڈال کر اُس معاشرے کو تعمیر کرے گا جو منشیات شراب اور اس جیسی دیگر بیماریوں سے صاف و پاک ہو۔ مولانا حامی نے کہا کہ **Liquor lobby** مسلسل مختلف حربے آزما کر ہمیں اس مشن سے دور کرنا چاہتی ہے مگر ہم صاف کرنا چاہتے ہیں کہ ریاست کی بقا کے لئے ہم کوئی بھی جانی مالی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں مولانا حامی نے مقامی اوقاف کمیٹیوں، سیول سوسائٹی ممبران سے اپیل کی کہ وہ اپنے علاقوں میں از خود اس بات کو یقینی بنائیں کہ منشیات اور شراب کا کاروبار اُن کے علاقوں میں نہ ہو اور جو نوجوان **Drug adict** بنے ہیں انہیں محبت کی کونسلنگ کرکے اس عادت سے دور کریں اور اس سلسلے میں جو ملٹی لیر پروگرام کاروانِ اسلامی جموں وکشمیر نے **Drug Deadiction** کے حوالے سے شروع کیا ہے اُس میں انکا بھرپور تعاون کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ جہاں ہم اقتصادی طور پر مضبوط اور مستحکم بننا چاہتے ہیں وہیں پر ریاست کے مستقبل کو بھی ہمیں بچانا ہوگا۔ انہوں نے خواتین سے کہا کہ وہ کردار فاطمہ رضی اللہ عنہا اور اسوۂ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو پڑھیں اور اپنی زندگیاں اُسی مشن کے تابع ہو کر چلائیں کیونکہ خواتین کا اسلام کے اندر ایک اہم کردار ہے اور اس کردار کو جموں وکشمیر کی خواتین کو کسی بھی قیمت پہ نبھانا پڑے گا۔

غذائی اجناس اور بجلی فیس میں مجوزہ اضافہ عوام کش اقدامات: میرواعظ

سری نگر/حریت کانفرنس (ع) کے چیرمین میرواعظ مولوی عمر فاروق نے "غذائی قانون اور بجلی فیس میں مجوزہ اضافے کو عوام کش" قرار دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ظلم اور ناانصافیوں پر کشمیری عوام خاموش نہیں رہ سکتے۔ انہوں نے صنعتی سیکٹر کے تئیں حکومتی سطح کی عدم توجہی کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم کرنے والی پشمینہ صنعت زوال پذیر ہے۔ مرکزی جامع مسجد سرینگر میں نماز جمعہ سے قبل ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے میرواعظ مولوی محمد عمر فاروق نے ریاستی حکومت کی جانب سے نیشنل فوڈ سیکورٹی ایکٹ لاگو کرنے کی پالیسی کو عوام کے تئیں شدید ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک ایسی ریاست جہاں کے لوگ سال بھر چاول کھانے کے عادی ہیں اور 400 گرام یومیہ استعمال کے حساب سے فی کس 12 کلو چاول کی ماہانہ ضرورت ہے اور اس طرح 3 افراد پر مشتمل کنبے کو بھی 1000 سے لیکر 1200 روپے تک صرف چاول کے حصول پر اضافی خرچہ برداشت کرنا پڑے گا جو کہ سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے NFSA ایکٹ کے نئے قانون کی رو سے 35 کلو چاول فی کنبہ حاصل کرنے والے لوگوں کو جو اے پی ایل کے زمرے میں آتے ہیں کو 5 کلو فی کس جبکہ بی پی ایل کے زمرے میں شامل لوگوں کو 7 کلو چاول ملے گا اور اس طرح ریاست کی مجموعی 95 فیصد آبادی میں سے

74.13 لاکھ لوگوں کو ترجیحی زمرے میں جبکہ 13.77 لاکھ لوگ AAY جبکہ 4 5 لاکھ لوگ غیر ترجیحی زمرے میں اور 6 لاکھ اس قسم کی مراعات سے بالکل محروم ہو گئے۔ انہوں نے حسب سابقہ لوگوں کو 35 کلو فی راشن کارڈ چاول فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ NFSA کیخلاف یہاں کے عوام کا احتجاج حق بجانب ہے۔ میرواعظ نے J&K State electricity regulatory commission (JKSERC) کی جانب سے سال 2016 میں بجلی فیس میں 17 فیصد کے مجوزہ اضافے کے منصوبے کو کشمیری عوام کے تئیں ایک اور عوام کش اور ظالمانہ فیصلہ قرار دیا۔

معصومہ آباد کی آپ بیتی پر مشتمل کتاب ''میں زندہ ہوں''، پر امام خامنہ ای کی تقریظ اور کشمیر میں منفرد بک ریڈنگ مقابلہ کا اہتمام

قائد انقلاب اسلامی حضرت آیۃ اللہ امام خامنہ ای فرماتے ہیں کہ "کتاب کا غم و اندوہ اور فخر و مباہات کے ملے جلے احساسات کے ساتھ پُرنم آنکھوں سے مطالعہ کیا اور قدم بقدم ایسے صبر و حوصلہ اور پاکیزگی و خلوص کی داد دیتا رہا۔ بہت اچھے، برے یا خوشی اور غم دونوں سے لبریز واقعات کی اتنی ماہرانہ ترجمانی پر بھی دل سے تعریفیں نکلیں۔ ان راہ خدا کے مجاہدوں اور قید و بند کی صعوبتیں اٹھانے والوں کی یادیں ہمارا وہ عظیم اور قیمتی سرمایہ ہے جن سے نہ صرف تاریخ کو روشنی ملی ہے بلکہ ہمیشہ اور ہر دور کے لئے درس عمل ہے۔ یادوں کے اس خزانہ کی تحریری شکل میں یا کسی اور صنف فن کی وساطت سے دوسروں تک منتقلی ایک عظیم خدمت ہے۔ دیگر بہت سی تحریروں کی طرح زیر نظر کتاب کا بھی دوسری زبانوں میں ترجمہ بہت ضروری ہے۔ میں اس سے منسلک چاروں محترم خواتین خصوصاً راوی اور مصنفہ کی خدمت میں سلام پیش کرتا ہوں"

مطہری "فکری و ثقافتی مرکز کشمیر" کی جانب سے ایک فخریہ پیشکش اور نوجوان نسل میں جذبہ تحقیق پیدا کرنے کی خاطر صدام کے دور میں عراقی جیلوں میں قید و صعوبتیں برداشت کرنے والی زینبی کردار کی حامل اور نسل امام خمینیؒ سے وابستہ ایک خاتون ڈاکٹر کی صبر و استقامت کی داستان پر مبنی کتاب "**میں زندہ ہوں**" کے اردو ترجمہ کا بک ریڈنگ مقابلے کا اہتمام یکم مئی 2016ء کو مرکزی امام بارگاہ یاگی پورہ ماگام کشمیر میں کیا ہے۔ مقابلہ میں وادی بھر کے شیعہ و سنی پیروکاروں کی بھاری شرکت متوقعہ ہے۔ مذکورہ کتاب وادی کے کتب خانوں، لائبریز اور نیوز ایجنسیز کے یہاں دستیاب ہے۔ ادارہ نے پہلی 33 امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے امیدواروں کیلئے منفرد انعامات اور زیارت پر لیجانے کا اعلان کیا ہے۔

کپوارہ کو فوجی چھاونی میں تبدیل کرنے کا انکشاف: انجینئر رشید سراپا احتجاج

سرینگر/کپوارہ کو فوجی چھاونی میں تبدیل کرنے کا انکشاف کرتے ہوئے ممبر اسمبلی لنگیٹ انجینئر رشید نے کہا کہ ٹٹو گراونڈ سے منتقل ہونے والی فوج کے لئے 250 ایکڑ زمین دینے کے لئے دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ عوامی اتحاد پارٹی کے سربراہ اور ایم ایل اے لنگیٹ انجینئر رشید نے فوج کی طرف سے ٹٹو گراونڈ اور دیگر جگہوں سے زمین خالی کرنے کے اعلان کو ڈرامہ بازی اور دنیا کی آنکھوں میں دھول جھانکنے کی کوشش قرار دیا ہے۔ موصولہ بیان میں انجینئر رشید نے کہا کہ ایک طرف ٹٹو گراونڈ اور دیگر جگہوں سے زمین خالی کرنے کا اعلان کرکے یہ باور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ یہاں حالات سازگار ہو رہے ہیں اور دوسری طرف ان جگہوں سے منتقل ہونے والی فوج کو کپوارہ میں سوگام، ہری، ژیرکوٹ اور پنزگام میں ٹھہرانے کے لئے ضلعی انتظامیہ سے 250 ایکڑ زمین فراہم کرنے کا تقاضہ کیا جا رہا ہے۔ انجینئر رشید نے کہا "اگرچہ پوری ریاست فوجی چھاونی کا نظارہ پیش کر رہی ہے لیکن کون نہیں جانتا کہ کپوارہ گزشتہ 25 برسوں کے نامساعد حالات کے باعث سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ ہے اور اس ضلع میں فوجی جماؤ بھی باقی ریاست کے مقابلے کہیں زیادہ ہے"۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف اس ضلع کے خوبصورت صحت افزا مقامات بلکہ بے شمار سرکاری ادارے فوجی تحویل میں ہیں بلکہ اس ضلع کو تعمیر و ترقی کے تمام شعبوں میں نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

جے کے بنک کا ادھمپور میں زونل آفس کا افتتاح

سرینگر/ریاست کے حدود اربعہ میں اپنی رسائی اور خدمات کے تناظر میں اپنے توسیعی منصوبے کو مزید مضبوط کرتے ہوئے اس جیسے نئے آفس نہ صرف ہماری تجارت بلکہ جغرافیائی لحاظ سے صارفین کے مزید نزدیک پہنچ کر انہیں خدمات فراہم کرنے میں اہم رول نبھائیں گے۔ جے کے بنک چیرمین وسی ای او مشتاق احمد نے ان خیالات کا اظہار ادھمپور کلما ہاؤسنگ کالونی میں جموں ناتھ ii میں بنک کے زونل آفس کمپلیکس کا افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ مشتاق احمد نے اس موقعے پر بنک کی تجارت اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق ایک مختصر خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری توسیعی پروگرام غیر بنک یافتہ علاقوں اور طبقوں کو مستحکم اور قابل رسائی طریقوں سے مالیاتی دائرے میں لانا ہے تقریب میں ایم ایل اے اور سول و پولیس انتظامیہ اور بنک کے افسران نے شرکت کی۔

استقامتی معیشت، اقدام اور عمل کا سال: مقاومتی معیشت بے روزگاری پر قابو پانے کا ذریعہ

نئے شمسی سال کی مناسبت سے رہبر معظم کا پیغام

تہران/ رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے نئے شمسی سال ۱۳۹۵ کے آغاز کی مناسبت سے ایرانی ہم وطنوں، خاص طور پر شہداء کے اہل خانہ کو عید نوروز اور نئے سال کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے اور شہیدوں اور امام بزرگوار رح کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے نئے سال کو" استقامتی معیشت، اقدام اور عمل" کا نام دیا ہے۔ حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے نئے شمسی سال ۱۳۹۵ کے ابتدائی اور اختتامی ایام حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی ولادت کے ایام کے ہمراہ ہونے کا تذکرہ کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ سال، ملت ایران کے لئے مبارک سال ہوگا اور ان عظیم خاتون کی رہنمائیوں اور انکی زندگی سے درس حاصل کیا جانا چاہئے اور انکی معنویت سے بہرہ مند ہونا چاہیے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے گذشتہ سال کا جائزہ لیتے ہوئے گذرے ہوئے سال یعنی ۱۳۹۴ شمسی کو دوسرے سالوں کی مانند، تلخیوں اور شیرینیوں، فراز و فرود اور چیلنجز، اور مواقع کا سال قرار دیا اور فرمایا کہ منی کے حادثے کی تلخی سے لے کر ۲۲ بہمن کی ریلی اور ۷ اسفند کے انتخابات اور اسی طرح مشترکہ ایٹمی پلان کا تجربہ اور وہ امیدیں جو روشن ہوئیں اور انکے ساتھ ساتھ جو پریشانیاں تھیں یہ تمام سال ۹۴ شمسی کے واقعات تھے آپ نے نئے سال میں درپیش امیدوں، مواقع اور چیلنجوں کی تاکید کرتے ہوئے فرمایا کہ ہنر یہ ہے کہ مواقع سے حقیقی معنی میں استفادہ کیا جانا چاہئے اور چیلنجز کو بھی مواقع میں تبدیل کر دینا چاہئے اس انداز سے کہ جب سال کا اختتام ہو تو ملک میں تبدیلی کو محسوس کیا جائے لیکن امیدوں کے برآنے کے لئے جدوجہد دن رات محنت اور بغیر وقفے کے سعی و کوشش کی جانی چاہیے۔ حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے اپنی گفتگو میں ملت ایران کی مجموعی حرکت کے بارے میں بنیادی اور اصلی نکات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ملت ایران کو چاہیے کہ وہ دشمن کی سازشوں کے مقابلے میں اپنے آپ کو نقصان پہنچنے کی سطح سے باہر نکالے اور دشمن کی جانب سے نقصان پہنچنے کی شرح صفر کی حد ہو جائے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے اس کام کے لئے سب سے پہلا اور فوری قدم اقتصاد کو قرار دیا اور فرمایا کہ اگر ملت، حکومت اور تمام حکام معیشت کے مسئلے میں صحیح، بجا اور منطقی کام انجام دیں تو یہ امید کی جا سکتی ہے کہ یہ کام اجتماعی مسائل اور مشکلات، اخلاقی اور ثقافتی مسائل سمیت دیگر مسائل میں بھی موثر واقع ہو سکتا آپ نے "ملکی پیداوار"، "روزگار کی فراہمی اور بے روزگاری کے خاتمے"، "اقتصادی رونق اور خوشحالی اور کساد بازاری سے مقابلے" کو بنیادی اقتصادی مسائل قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ موارد عوام کے مبتلا بہ مسائل ہیں اور عوام انکو محسوس کرتے ہیں اور انکا تقاضہ کرتے ہیں اور رپورٹیں اور حکام کی اس سلسلے میں گفتگو بھی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ عوام کا تقاضہ بجا اور درست ہے۔ حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے "مزاحمتی معیشت" کو اقتصادی مسائل اور مشکلات کو علاج اور عوام کے مطالبات کا جواب قرار دیا اور فرمایا کہ مزاحمتی معیشت کے ذریعے بے روزگاری اور کساد بازاری کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، مہنگائی کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے، دشمنوں کی دھمکیوں کے مقابلے میں استقامت دکھائی جا سکتی ہے اور ملک کے لئے بہت سارے مواقع فراہم کئے جا سکتے ہیں اور ان سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے ان توفیقات کے حصول کی شرط مزاحمتی اقتصاد کی بنیاد پر جدوجہد اور کوشش کو قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ سرکاری اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں کہ اس سلسلے میں بہت وسیع پیمانے پر اقدامات کئے گئے ہیں لیکن یہ اقدامات مقدماتی اور مختلف اداروں کی رپورٹوں اور احکامات پر ہی مشتمل ہیں۔ آپ نے مزاحمتی اقتصاد کے سلسلے میں عملی اقدامات انجام دینے کو حکام کا وظیفہ قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ لازم ہے کہ مزاحمتی اقتصاد کے پروگرام پر عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے اور اسکے زمینی حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے "مقاومتی معیشت، اقدام اور عمل" کو ایک سیدھا اور روشن راستہ قرار دیا کہ جو ملکی ضرورتوں کو پورا کر سکتا ہے اور اس سلسلے میں جدوجہد کرنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ یہ اقدامات اور ان پر عمل ایک سال کے اندر اندر مشکلات کو حل کر دیں گے لیکن اگر یہ اقدامات اور ان پر عمل صحیح پلاننگ کے ساتھ ہو تو یقیناً سال کے آخر تک اس کے آثار اور اثرات قابل مشاہدہ ہوں گے۔

امریکہ کیوبا پر ناجائز اقتصادی محاصرہ ختم کریں: امریکی تجزیہ نگار نوم چومسکی

